وزیر اعظم کو کویت کے اعلی ترین قومی ایوارڈ سے نوازا گیا
22 دسمبر 2024

کویت کے امیر عزت مآب شیخ مشعل الأحمد الجابر الصباح نے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کو کویت کے اعلی ترین قومی ایوارڈ ، دی آرڈر آف مبارک الکبیر سے نوازا ہے۔ اس موقع پر کویت کے وزیر اعظم عزت مآب شیخ احمد العبداللہ الأحمد الصباح بھی موجود تھے۔

2. وزیر اعظم نے یہ ایوارڈ بھارت اور کویت کے درمیان دیرینہ دوستی، کویت میں سکونت پذیر ہندوستانی برادری اور بھارت کے 1.4 بلین لوگوں کے لیے وقف کیا۔

3. 43 سال بعد ہندوستان کے کسی وزیر اعظم کے کویت کے اس تاریخی دورے پر انہیں ایوارڈ سے نوازا جانا اس موقع کو بے حد اہم اور خاص بنا دیتا ہے۔

4. اس ایوارڈ کا آغاز 1974 میں ہوا تھا اور تب سے منتخبہ عالمی قائدین کو اس ایوارڈ سے نوازا جاتا رہا ہے۔

کویت

22 دسمبر 2024